Rampur State Gazette.

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر (۱) مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۸ رمضان المبارک ۱۳۵۳ھ مطابق ۵ جنوری ۱۹۳۵ء (جلد [illegible])

حصہ اول

حکم اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگانِ عالی دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	واپسی خدمات خان بہادر سید ابو محمد صاحب بہادر ریونیو منسٹر	۲	

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

حکم اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

روبکار:- واقع ۲ر جنوری ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)

خان بہادر سید ابو محمد صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی خدمات گورنمنٹ یو۔پی سے مستعار لی گئی تہیں۔ جو ۲ر جنوری ۱۹۳۵ء سے واپس کی جاتی ہیں۔ خان بہادر سید ابو محمد صاحب نے بزمانۂ ملازمت ریاست جس عمدگی اور خوش اسلوبی سے اپنا مفوضہ کام انجام دیا۔ ما بدولت واقبال اوسکا اعتراف فرماتے ہیں۔ صیغہ مال کا کام تاصدور حکم ثانی صاحب ریونیو سکریٹری بہادر زیر نگرانی صاحب چیف منسٹر بہادر انجام دیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اصل روبکار بعد اجرائے احکام دار الانشاء کی فائل میں رکھا جائے ایک نقل درج گزٹ ہو۔

حکم:- واقع ۷ر جنوری ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ لفٹننٹ عبد الغنی خان نائب ڈیوڑہی کا سلسلۂ ملازمت ۱۲ر دسمبر ۱۸۸۵ء یوم تقرر ابتدائی سے برقرار رکہا جانا منظور ہے۔ ایام علیحدگی کی تنخواہ نہیں ملیگی۔ حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی صاحب آرمی منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

منسلکہ کاغذات صادرہ ۷ر جنوری ۱۹۳۵ء بنا بر اجرائے احکام نسبت برقرار رکہے جانے سلسلۂ ملازمت سابقہ لفٹننٹ عبد الغنی خانصاحب نائب ڈیوڑہی بخدمت صاحب ڈپٹی سکریٹری سررشتہ صدر مرسل ہوں۔ ایک ایک نقل کمانڈنگ افسران فوج دیرصاحبان فنانس سکریٹری بہادر کیخدمت میں و لفٹننٹ عبد الغنی خانصاحب کے پاس واوری ہیڈ کوارٹرز میں اور مطبع کو بہی مرسل ہو۔ گر قبل روانگی شیٹ رول منسلکہ چہوڑ کر دفتر میں رکہا جائے۔

۱۳ر جنوری ۱۹۳۵ء — دستخط صاحب کرنل آرمی منسٹر بہادر

(موصولہ ۲۸ر جنوری ۱۹۳۵ء بعد طباعت گزٹ)